# ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ملتان

## ترمیمی نوٹیفیکیشن

مورخہ ۳۱-اکتوبر 2024

نمبر 376 DSF دفتر ہذا کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفیکیشن نمبر 375/ڈی ایس ایف مورخہ 31.10.2024 کے تسلسل میں جملہ سربراہان ادارہ جات (گورنمنٹ / الحاق شدہ ادارہ جات) کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شیڈول برائے وصولی داخلہ فارم وفیس میٹرک (نہم / دہم / کمبائنڈ) پہلا سالانہ امتحان 2025 کے نمبر شمار 4 ٹرپل فیس + 500 روپے یومیہ کے ساتھ (امتحان شروع ہونے سے دس دن پہلے تک) مورخہ 25.12.2024 تا 21.02.2024 کی بجائے مورخہ 25.12.2024 تا 21.02.2025 پڑھی جائے اور نوٹیفیکیشن ہذا پر عمل درآمد کیا جائے نیز میٹرک پہلا سالانہ امتحان، نہم / دہم (کمبائنڈ) 2025 کا انعقاد مورخہ 04 مارچ 2025 بروز منگل سے ہو رہا ہے۔ اس امتحان میں شرکت کرنے والے امیدواران کیلئے آن لائن داخلہ فارم اور فیس جمع کروانے کا شیڈول حسب ذیل ہے:

### شیڈول برائے وصولی داخلہ فارم وفیس میٹرک (نہم / دہم / کمبائنڈ) پہلا سالانہ امتحان 2025ء

| نمبر شمار | تصریحات | شیڈول |
|---|---|---|
| 1 | سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 02.11.2024 تا 27.11.2024 |
| 2 | ڈبل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 28.11.2024 تا 11.12.2024 |
| 3 | ٹرپل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ | 12.12.2024 تا 24.12.2024 |
| 4 | ٹرپل فیس + 500 روپے یومیہ کے ساتھ (امتحان شروع ہونے سے دس دن پہلے تک) | 25.12.2024 تا 21.02.2025 |

### (1) شرح فیس برائے پرائیویٹ امیدواران

| امتحانی گروپس | سنگل فیس | ڈبل فیس | ٹرپل فیس | سنگل فیس | ڈبل فیس | ٹرپل فیس |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) جماعت نہم (فریش امیدوار) | | | | (2) جماعت دہم (فریش امیدوار) | | |
| سائنس/آرٹس گروپ بمعہ پریکٹیکل | 3380/- | 4130/- | 4880/- | 3780/- | 4530/- | 5280/- |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل | 3330/- | 4030/- | 4730/- | 3730/- | 4430/- | 5130/- |
| (3) جماعت نہم ودہم (کمبائنڈ) (فریش امیدواران) | | | | (4) جماعت نہم یا دہم (فیل شدہ / دوبارہ امتحان دینے والے امیدواران) | | |
| سائنس/آرٹس گروپ بمعہ پریکٹیکل | 5530/- | 7030/- | 8530/- | 2380/- | 3130/- | 3880/- |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل | 5430/- | 6830/- | 8230/- | 2330/- | 3030/- | 3730/- |
| (5) جماعت نہم ودہم (کمبائنڈ) (فیل شدہ / دوبارہ امتحان دینے والے امیدواران) | | | | (6) مارکس امپروو امیدواران (جماعت نہم یا دہم) | | |
| سائنس/آرٹس گروپ بمعہ پریکٹیکل | 3130/- | 4630/- | 6130/- | 3780/- | 4530/- | 5280/- |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل | 3030/- | 4430/- | 5830/- | 3730/- | 4430/- | 5130/- |
| (7) جماعت نہم (فیل شدہ) اور جماعت دہم (فریش) | | | | (8) مارکس امپروو کمبائنڈ / ایڈیشنل مضامین (نہم ودہم) | | |
| سائنس/آرٹس گروپ بمعہ پریکٹیکل | 4530/- | 6030/- | 7530/- | 4530/- | 6030/- | 7530/- |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل | 4430/- | 5830/- | 7230/- | 4430/- | 5830/- | 7230/- |

### (2) شرح فیس برائے ریگولر امیدواران (الحاق شدہ ادارہ جات)

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (1) جماعت نہم | | | | (2) جماعت دہم | | |
| سائنس/آرٹس گروپ بمعہ پریکٹیکل | 2330/- | 3030/- | 3730/- | 3730/- | 4430/- | 5130/- |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل | 2280/- | 2930/- | 3580/- | 3680/- | 4330/- | 4980/- |
| (3) جماعت نہم ودہم (کمبائنڈ) | | | | (4) نہم میں دوبارہ شرکت کرنے والے امیدواران | | |
| سائنس/آرٹس گروپ بمعہ پریکٹیکل | 4430/- | 5830/- | 7230/- | 2330/- | 3030/- | 3730/- |
| آرٹس گروپ بغیر پریکٹیکل | 4330/- | 5630/- | 6930/- | 2280/- | 2930/- | 3580/- |

## ضروری ہدایات برائے ادارہ جات / امیدواران

(1) شیڈول کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔ پرائیویٹ امیدواران مبلغ -/1000 روپے رجسٹریشن فیس صرف پہلی بار شرکت کرنے پر ادا کریں گے۔

(2) سرکاری ادارہ جات کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارمز کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم مورخہ 02.11.2024 تا 27.11.2024 کے دوران اپنے ادارہ کے ریگولر طلباء/طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کرواسکیں گے۔ تاہم پروسیسنگ فیس وغیرہ مبلغ -/1630 روپے اور اصل سند/سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1400 روپے (فی امیدوار) ادا کرنے کے پابند ہونگے۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کرکے کامیابی حاصل نہ کرسکنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کرواتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس معہ دیگر اضافی واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کے بعد کامیابی حاصل نہ کرسکنے کی صورت میں جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ گورنمنٹ ادارہ جات کے طلباء وطالبات کے لئے پروسیسنگ فیس مبلغ -/1630 روپے اور اصل سرٹیفکیٹ فیس مبلغ -/1400 روپے کسی بھی صورت Exempt نہیں ہے۔

(3) ایسے امیدواران (بشمول بورڈ ملازمین کے بچے وغیرہ) جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس Exemption کی سہولت حاصل ہے۔ ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق مکمل امتحانی فیس معہ دیگر واجبات جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔

(4) امیدواران اپنا داخلہ فارم بمعہ بینک چالان برائے ادائیگی داخلہ فیس بورڈ کی ویب سائٹ سے ڈاؤن لوڈ کرکے HBL کی کسی بھی برانچ میں شیڈول کے مطابق فیس داخلہ فارم جمع کرائیں گے۔

(5) ہر ادارہ اپنے طلباء وطالبات کے Online کیے گئے داخلہ فارمز کی Hard Copy اور Fee Statements (گروپ وائز) دفتر کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق آخری تاریخ تک تعلیمی بورڈ ملتان میں جمع کروائیں گے۔

(خرم شہزاد اسلم قریشی)
سیکرٹری

**کاپی برائے اطلاع وضروری کاروائی:**

1. پی ایس برائے چیئرپرسن
2. پی اے برائے سیکرٹری/کنٹرولر امتحانات/آڈٹ آفیسر
3. جملہ آفیسران بورڈ ہذا
4. جملہ بورڈ ممبران بورڈ ہذا
5. چیف ایگزیکٹو آفیسر (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی ضلع ملتان، خانیوال، وہاڑی اور لودھراں۔)
6. ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) ملتان ڈویژن ملتان
7. منیجر حبیب بینک بورڈ برانچ (اس استدعا کے ساتھ کہ ملتان ڈویژن کی جملہ HBL برانچز میں فیس / داخلہ فارم جمع کروانے کو یقینی بنایا جائے۔ اس حوالہ سے بینکوں کو ضروری تحریری ہدایات جاری کرتے ہوئے بورڈ ہذا کو بھی مطلع کریں)۔ نیز اس بات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے کہ HBL Konnect کے نمائندگان ادارہ جات / امیدواران سے Over Charging نہ کریں۔ اسی طرح اگر کوئی ادارہ یا طلباء وطالبات HBL کی کسی برانچ میں فیس جمع کروانے آتے ہیں تو ان سے بھی فیس وصول کی جائے۔ نیز HBL کی جملہ متعلقہ برانچوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ یومیہ کی بنیاد پر موصولہ داخلہ فارم تعلیمی بورڈ ملتان یا HBL بورڈ برانچ میں ارسال کرنے کا اہتمام کریں۔
8. سسٹم اینالسٹ برائے Upload بورڈ Official ویب سائٹ (اس استدعا کے ساتھ کہ شیڈول ہذا درج بالا جملہ سربراہان ادارہ جات کو E.mail کروایا جائے)۔
9. پبلک ریلیشن آفیسر (PRO) برائے تشہیر الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا۔
10. جملہ سربراہان ادارہ جات وپرنسپل گورنمنٹ ہائی/ہائر سیکنڈری سکولز (بوائز + گرلز) / الحاق شدہ ادارہ جات ضلع ملتان، وہاڑی، خانیوال اور لودھراں۔
11. ASG (اس استدعا کے ساتھ کہ الحاق شدہ ادارہ جات کے Whatsapp گروپس میں شیڈول Share کیا جائے)۔

31/10/2024

(ڈاکٹر حافظ فدا حسین)
ڈپٹی سیکرٹری (فنانس)
برائے سیکرٹری